

رابطہ کریں اچھی صحت اور خوشگوار زندگی کے لئے
Mfd. by The Makers of Dehlvi Remedies® the formidable brand of دھلوی
Sana Herbals (P) Ltd
238 F.I.E. Patparganj, Delhi-92 (C. Care:95550 94254)
www.sanaherbals.com | www.dehlviremedies.com | sanaherbals.gmail.com | info@sanaherbals.com

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی•ممبئی•کولکاتا•لکھنؤ•گورکھپور•کانپور•پٹنہ•حیدرآباد•اور بنگلورو سے ایک ساتھ
روزنامہ راشٹریہ
سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA NEW DELHI
1
ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
New Delhi•Mumbai•Kolkata
Lucknow•Gorakhpur•Kanpur
Patna•Hyderabad•Bengaluru
NEW DELHI (CITY) Pages: 12 ₹4/- Vol:25 Issue :8927 •حب الوطنی •فرض شناسی •ایثار «یعنی مکمل سچ» 7/ذی الحجہ 1445ھ جمعہ شمارہ نمبر:8927 سال:25 Friday 14 June 2024

مناسک حج کا آغاز □ لاکھوں عازمین کی منیٰ روانگی آج □ امن وسلامتی کیلئے تمام انتظامات مکمل

مکہ مکرمہ، (ایجنسیاں) حج 2024 کیلئے 5 روزہ مناسک حج کی ادائیگی کا آغاز کل (جمعہ) 14 جون سے ہوگا۔ لاکھوں عازمین حج منیٰ کی جانب روانہ ہوگئے ہیں۔ مناسک حج کا آغاز کل جمعہ سے ہو رہا ہے، جبکہ رکن اعظم وقوف عرفات ہفتہ 15 جون کو ہوگا۔ فریضہ حج کی ادائیگی کیلئے لاکھوں عازمین حج لبیک اللھم لبیک کی صدائیں بلند کرتے منیٰ کی جانب روانہ ہو گئے ہیں، جہاں وہ منیٰ میں قیام کے دوران عبادات کریں گے اور ہفتہ 15 جون کی صبح وقوف عرفات کیلئے میدان عرفات روانہ ہوں گے۔ ہفتے کے روز عرفات میں حج کے خطبہ کے بعد ظہر اور عصر کی نماز ملا کر ادا کی جائے گی، جبکہ مغرب سے پہلے حجاج کرام مزدلفہ کی طرف روانہ ہوں گے، جہاں وہ مغرب اور عشاء کی نماز اکٹھی پڑھیں گے۔ مزدلفہ میں ہی حجاج کرام شیطان کو کنکریاں مارنے کیلئے کنکریاں اکٹھی کریں گے اور یہیں رات قیام بھی کریں گے، جہاں وہ آرام کرنے کے ساتھ رات عبادت اور اللہ تعالیٰ کی مناجات کرتے ہوئے مغفرت کے طالب ہوں گے۔ اتوار 16 جون کی صبح حجاج کرام منیٰ واپس روانہ ہوں گے، جہاں وہ رمی جمرات کریں گے۔ پھر حجاج کرام اللہ کی راہ میں جانور قربان کریں گے۔ اس کے ساتھ ہی عازمین کا فریضہ حج مکمل ہو جائے گا، جس کے بعد وہ اپنا سر منڈوا کر احرام کھول کر عام لباس پہنیں گے، جبکہ خواتین اپنے چوتھائی سر کے بالوں کا انگلی کی ایک پور برابر بال کٹوائیں گی۔ حجاج کرام 16 جون کو ہی بیت اللہ کے طواف کیلئے مکہ روانہ ہوں گے۔ 17 جون بروز پیر کو حجاج کرام ایک بار پھر رمی جمرات کریں گے اور سارا دن اور رات عبادت میں گزاریں گے۔ 18 جون منگل کو آخری بار تینوں شیطانوں کو کنکریاں مارنے کے بعد حجاج کرام مغرب ہونے سے پہلے منیٰ کی حدود سے نکل جائیں گے۔

اس دوران سعودی عرب میں حج انتظامات کو وزارت حج و دیگر سرکاری اداروں کی جانب سے حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹیں مکہ مکرمہ کے داخلی راستوں پر مکمل طور پر فعال کر دی گئیں۔ سعودی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق مکہ مکرمہ میں پرمٹ کے بغیر کسی کو داخل ہونے کی اجازت نہیں۔ مکہ مکرمہ جانے والوں کے پرمٹ کی چیکنگ کا عمل جاری ہے۔ انتظامیہ کی جانب سے مکہ مکرمہ شہر کے مرکزی مقامات کے علاوہ منیٰ جانے والے راستوں پر متعدد چیک پوسٹیں قائم کی گئی ہیں۔ شہر کے ممنوعہ علاقوں میں عام ٹریفک کا داخلہ بند کر دیا گیا ہے، جبکہ صرف پرمٹ رکھنے والی گاڑیوں کو ہی مکہ مکرمہ میں داخل ہونے دیا جا رہا ہے۔ سیکورٹی فورسز کے مختلف شعبوں کی جانب سے اضافی اہلکاروں کو مکہ مکرمہ کے تمام علاقوں میں تعینات کیا گیا ہے۔ بلدیہ کی جانب سے شہر کی صفائی کے انتظامات پر خاص توجہ مرکوز کی گئی ہے، صفائی کیلئے اضافی کارکنوں کو مکہ مکرمہ کے علاوہ منیٰ کی عارضی خیمہ بستی میں بھی تعینات کردیا گیا ہے۔ وزارت صحت کی خاص ہدایات کے مطابق مشاعر مقدسہ میں قائم اسپتال اور طبی مراکز میں اسٹاف پہنچ گیا ہے۔ شہری دفاع کے اہلکاروں نے بھی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔ رضا کاروں کے متعدد گروپس کو منیٰ میں پہنچا دیا گیا ہے، جہاں انہیں حجاج کی رہنمائی کیلئے عارضی خیمہ بستی کے نقشے فراہم کیے گئے ہیں۔ دوسری جانب حرمین شریفین کے نگراں ادارے 'صدارت عامہ برائے امور حرمین شریفین' نے اس سال حج 1445ھ کے دوران تنظیمی منصوبوں اور معیاری خدمات کے ساتھ مطاف کی تمام منزلوں کو حجاج کرام کیلئے کھولا جا رہا ہے۔ حج کے ایام میں فی گھنٹہ ایک لاکھ 80 ہزار عازمین طواف کعبہ کا شرف حاصل کریں گے۔ صدارت عامہ نے مطاف کو ملانے والے تمام راستوں، کوریڈوز کو فعال رکھنے کیلئے تمام اقدامات کیے ہیں اور طواف کیلئے لاکھوں زائرین کو ہنگامی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا ہے۔ صدارت عامہ نے نے وضاحت کی کہ مطاف کا پورا صحن حاجیوں کیلئے دستیاب ہوگا۔ مطاف کی طرف جانے والے بہت سے مرکزی اور ذیلی داخلی راستے اور دروازے مختص کیے گئے تھے۔ بعض دروازوں کو خدمات اور ہنگامی حالات کیلئے مختص کیا گیا ہے۔ صدارت عامہ کے مطابق مطاف کی تمام منزلوں میں فی گھنٹہ ایک لاکھ 80 ہزار عازمین کی طواف کی سہولت میسر ہوگی۔ طواف کیلئے گراؤنڈ فلور، پہلی منزل، پہلی میزانین، دوسری میزانین اور دوسری چھت کو پوری گنائش کے ساتھ کھولا جائے گا۔ واضح رہے کہ مطاف کی تمام منزلوں میں 203,000 نمازیوں کی گنجائش موجود ہے۔

عازمین حج کیلئے ایئر ایمبولینس سروس کا آغاز

مکہ مکرمہ، (یو این آئی) سعودی عرب میں وزارت حج و دیگر سرکاری اداروں کی جانب سے حج انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے، جبکہ لاکھوں کی تعداد میں عازمین حج مکہ مکرمہ پہنچ چکے ہیں۔ سعودی خبر رساں ادارے ایس پی اے کی رپورٹ کے مطابق سعودی ہلال احمر اتھارٹی نے مسجد الحرام کے اطراف ٹاورز سے ایئر ایمبولینس سروس کا آغاز کردیا ہے۔ وزیر صحت اور اتھارٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین فہد الجلال بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وزارت کی جانب سے اُٹھایا جانے والا یہ اقدام حج 2024 کے دوران عازمین کی سیفٹی، ان کی جان بچانے اور صحت خدمات کے حوالے سے مملکت کی تیاریوں کا حصہ ہے۔ حج کے دوران چلائے جانے والے یہ سروس ایک مربوط صحت نظام کا حصہ ہے جو ہنگامی کال موصول ہونے اور سروس فراہم کرنے سے شروع ہوکر مریض کے خصوصی صحت مرکز تک منتقل کرنے پر ختم ہوتی ہے۔ ایئر ایمبولینس سروس مختلف مقامات پر مریضوں تک تیزی سے پہنچنے، ہنگامی طبی خدمات کی فراہمی، اور مریضوں کو مختصر وقت میں صحت مراکز تک پہنچانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ اتھارٹی کی جانب سے رواں سال حج کے دوران تمام زخمیوں اور مریضوں تک پہنچنے کیلئے مسجد الحرام اور حج مقامات کے قریبی علاقے میں 7 ہیلی کاپٹر فراہم کردیئے ہیں۔ مکہ مکرمہ میں مسجد الحرام کے اطراف کے علاقے میں سروس کا آغاز کیا گیا ہے، جسے عازمین حج تک پہنچنے کیلئے ایک اسٹرٹیجک مقام سمجھا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ مکہ مکرمہ میں پرمٹ کے بغیر کسی کو داخل ہونے کی اجازت نہیں جبکہ مکہ مکرمہ جانے والوں کے پرمٹ کی چیکنگ کا عمل جاری ہے۔ انتظامیہ کی جانب سے مکہ مکرمہ شہر کے مرکزی مقامات کے علاوہ منیٰ جانے والے راستوں پر متعدد چیک پوسٹیں قائم کی گئی ہیں۔

مشاعر مقدسہ ٹرین سروس کا آغاز

مکہ مکرمہ، (ایجنسیاں) سعودی ریلوے نے کہا ہے کہ 'مشاعر مقدسہ ٹرین کی تیاریاں مکمل ہوگئی ہیں اور اسے سروس میں لایا گیا ہے۔ منیٰ، مزدلفہ اور عرفات کے درمیان 17 ٹرینیں چلا کریں گی، جن میں سلامتی کے اعلیٰ اصولوں کا خیال رکھا گیا ہے'۔ سعودی ریلوے نے کہا ہے کہ 'مشاعر مقدسہ ٹرین کیلئے 7500 وقتی ملازمین کے ساتھ معاہدہ ہوگیا ہے۔ عازمین کی خدمت پر مامور یہ عملہ انگریزی، اردو، انڈونیشی، ترکی اور دیگر زبانوں کا ماہر ہے'۔ واضح رہے کہ مشاعر مقدسہ ٹرین سال 2010 سے کام کررہی ہے۔

زیر علاج عازمین حج عرفات منتقل

مکہ مکرمہ، (ایجنسیاں) سبق ویب سائٹ کے مطابق محکمہ صحت نے کہا ہے کہ 'جدہ میں زیر علاج عازمین کی حج کی تعداد 6 ہے، جن میں سے 5 کو ایمبولینس کے ذریعہ جبکہ چھٹے عازم حج کو فضائی ایمبولینس کے ذریعہ عرفات منتقل کیا گیا ہے'۔ محکمہ صحت نے کہا ہے کہ 'مریض عازمین کی منتقلی کا عمل ہلال احمر کے تعاون سے کیا گیا ہے'۔ 'زیر علاج عازمین کی منتقلی طبی نگرانی میں ہوئی ہے، جبکہ ایمبولینس کے قافلے میں طبی عملے کے علاوہ تمام احتیاطی تدابیر اختیار کی گئی ہیں'۔

88 ممالک، 3322 شاہی مہمان

مکہ مکرمہ، (ایجنسیاں) سعودی عرب میڈیا کے مطابق دنیا بھر کے 88 ممالک کے 3 ہزار 322 عازمین حج شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی خصوصی دعوت پر فریضہ حج ادا کریں گے۔ ان میں 2 ہزار عازمین فلسطین میں شہید اور زخمی شہریوں کے لواحقین ہیں، جبکہ 22 عازمین سعودی عرب میں علیحدہ ہونے والے سیامی بچوں کے والدین ہیں۔

اردو سمیت 50 زبانوں میں نشر کیا جائے گا خطبہ حج

مکہ مکرمہ، (یو این آئی) مناسک حج کا آغاز جمعہ سے ہورہا ہے، رکن اعظم وقوف عرفات ہفتہ 15 جون کو ہوگا۔ میدان عرفات سے خطبہ حج 50 زبانوں میں نشر کیا جائے گا۔ ایس پی اے کے مطابق سعودی حکومت نے امسال خطبہ حج اردو سمیت 50 زبانوں میں ترجمہ کر کے نشر کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جس کے لیے تمام تر انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ مسجد الحرام اور مسجد نبویؐ کے امور کے لیے جنرل پریذیڈنسی نے اعلان کیا ہے کہ عرفات کے خطبے کا ترجمہ پروجیکٹ اب 50 زبانوں پر مشتمل ہوگا اور خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی سرپرستی میں یہ اب تک کا سب سے بڑا ترجمہ پروجیکٹ ہوگا۔ خطبہ حج 50 زبانوں میں ترجمہ کر کے نشر کرنے سے ایک ارب سے زائد سامعین اس سے مستفید ہوسکیں گے۔ سال 2018 میں پہلی بار 5 بین الاقوامی زبانوں میں خطبہ حج کا ترجمہ نشر کیا گیا تھا، جس کو بعد ازاں بڑھا کر 10 اور 2022 میں 14 زبانوں میں نشر کیا گیا تھا۔ گزشتہ سال اس کی تعداد بڑھا کر 20 کردی گئی تھی اور اب ایک دہائی سے بھی کم عرصے میں 50 بین الاقوامی زبانوں میں ترجمہ نشر کرنے کے انتظامات کر لیے گئے ہیں۔ خطبہ حج اسمارٹ موبائل فون، حرمین شریفین کی ویب سائٹ اور منارۃ الحرمین پلیٹ فارم کے ذریعے بھی پیش ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ اہم منصوبہ مملکت کے مذہبی رواداری، اعتدال اور امن کے پیغام کو اجاگر کرنے، اسلام کی حقیقی تصویر اور اس کی اعلیٰ اقدار کو ظاہر کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ یاد رہے گزشتہ برس بھی فرانسیسی، انگریزی، فارسی، اردو، ہاؤسا، روسی، ترکی، پنجابی، چینی، مالائی، سواحلی، ہسپانوی، پرتگالی، امہاری، جرمن، سویڈش، اطالوی، ملیالم، بوسنیائی اور فلپائنی میں خطبہ حج کا ترجمہ کیا گیا تھا۔

مختصر خبریں

26 جون کو ہوگا لوک سبھا اسپیکر کا انتخاب

نئی دہلی، (ایجنسیاں) لوک سبھا انتخابات کی تکمیل کے بعد نریندر مودی تیسری بار ملک کے وزیراعظم بن گئے۔ حکومت کے قیام کے ساتھ ہی مزید وزرا کو بھی ان کی وزارتیں سونپ دی گئی ہیں۔ اب سب کی نظریں اس بات پر ہیں کہ 18 ویں لوک سبھا کا اسپیکر کون ہوگا؟ اس سوال کا جواب 26 جون کو مل جائے گا۔ دراصل لوک سبھا اسپیکر کا انتخاب 26 جون کو ہونا ہے۔ صدر دروپدی مرمو نے اس حوالے سے نوٹیفکیشن بھی جاری کیا ہے۔

نفرت نہیں امید لائیں، نواز کی مودی کو مبارکباد

اسلام آباد، (ایجنسیاں) پاکستان کے سابق وزیراعظم نواز شریف نے نریندر مودی کو تیسری بار وزیراعظم بننے پر مبارکباد دی ہے۔ نواز شریف نے سوشل میڈیا 'X' پر ایک پوسٹ میں لکھا کہ میری مودی جی کو تیسری بار وزیراعظم بننے پر دلی مبارکباد۔ انتخابات میں آپ کی پارٹی کی کامیابی آپ کی قیادت پر عوام کے اعتماد کو ظاہر کرتی ہے۔ نواز شریف نے مزید لکھا کہ آیئے نفرت کی بجائے امید لائیں اور جنوبی ایشیا کے 2 ارب (200 کروڑ) لوگوں کی قسمت بدلیں۔ اس سے قبل پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف نے بھی انتخابی نتائج کے 6 دن بعد وزیراعظم نریندر مودی کو مبارکباد دی تھی۔

POK میں چینی منصوبوں کی مخالفت کریگا ہند

نئی دہلی، (یو این آئی) ہندوستان نے آج چین اور پاکستان کے مشترکہ بیان میں پاکستان کے زیر قبضہ کشمیر میں منصوبوں کے نامناسب اعلان پر گہرے تحفظات کا اظہار کیا اور خبردار کیا کہ ہندوستان کے ناقابل تقسیم حصے میں کسی بھی نامناسب منصوبہ اور سرگرمی کی بھرپور مخالفت کی جائے گی۔ چین، پاکستان مشترکہ بیان میں پاکستان مقبوضہ کشمیر کے نامناسب حوالے سے میڈیا کے سوال پر وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ ہم نے 7 جون کو چین- پاکستان کے درمیان مشترکہ بیان میں نوٹ کیا کہ مرکز کے زیر انتظام جموں و کشمیر کے حوالے سے ہم اس طرح کے حوالوں کو واضح طور پر مسترد کرتے ہیں اور مرکز کے زیر انتظام علاقہ لداخ میں متعلقہ فریق یہ بات اچھی طرح جانتے ہیں کہ کسی دوسرے ملک کو اس پر تبصرہ کرنے کا حق نہیں ہے۔ ترجمان نے کہا کہ 'اسی مشترکہ بیان میں نام نہاد چین- پاکستان اقتصادی راہداری کے تحت ہونے والی سرگرمیوں اور منصوبوں کا بھی ذکر ہے۔

نیٹ کے گریس مارکس منسوخ □ 1563 طلبا دوبارہ دینگے امتحان

23 جون کو نیٹ کا ٹسٹ اور 30 جون کو آئیں گے نتائج □ کونسلنگ اور داخلے کے بعد بھی رد ہوسکتا ہے امتحان: سپریم کورٹ

NATIONAL TESTING AGENCY

نئی دہلی، (ایجنسیاں) نیٹ امتحان میں بے ضابطگیوں سے متعلق 3 عرضیوں میں سے ایک گریس مارکس کے معاملے پر جمعرات کو سماعت ہوئی۔ پیپر لیک کے الزام کی درخواست کی سماعت 8 جولائی کو ہوگی۔ درخواستوں میں 3 مطالبات کیے گئے ہیں۔ امتحان میں شامل ہونے والے 1563 طلبا کو گریس مارکس دیئے گئے جو غلط ہے۔ موجودہ نتائج کی بنیاد پر کونسلنگ بند کی جائے۔ نیٹ کا امتحان منسوخ کر کے دوبارہ امتحان لیا جانا چاہیے۔ مرکز کی طرف سے تجویز پیش کی گئی تھی کہ 1563 امیدواروں کے اسکور کارڈز کو منسوخ کر دیا جائے گا، جنہوں نے گریس نمبر حاصل کیے تھے۔ اس کے بعد، نیٹ کے امتحان میں 1563 امیدواروں کو دیے گئے گریس نمبروں پر درخواست گزاروں نے اسکور کارڈ جاری کیے تھے۔ این ٹی اے نے جہاں عدالت میں گریس مارکس دینے کی غلطی تسلیم کی، وہیں سپریم کورٹ نے فزکس والا کے سی ای او الکھ پانڈے کی عرضی پر سماعت کرتے ہوئے گریس والے 1563 بچوں کا دوبارہ امتحان لینے کا حکم دیا۔ حالانکہ سپریم کورٹ نے کونسلنگ پر روک نہیں لگائی، لیکن الکھ پانڈے نے کہا کہ سماعت کے دوران سپریم کورٹ نے واضح طور پر کہا ہے کہ اگر امتحان میں دھاندلی کا ثبوت ملتا ہے تو عدالت بعد میں بھی امتحان کو منسوخ کر سکتی ہے۔ کونسلنگ اور داخلہ کے بعد بھی امتحان منسوخ کیا جا سکتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی کونسلنگ اور داخلہ بھی منسوخ کر دیا جائے گا۔ الکھ پانڈے کے علاوہ عدالت میں عبداللہ محمد فیض اور جے کارتک نے بھی عرضی دائر کی۔ فی الحال گریس مارکس والے امیدواروں کا دوبارہ ٹیسٹ 23 جون کو ہوگا اور ان کے نتائج 30 جون کو آئیں گے۔

دریں اثنا عدالت عظمیٰ میں مرکز کی طرف سے پیش ہونے والے ایڈووکیٹ کنو اگروال نے کہا کہ 1563 طلبا کیلئے دوبارہ امتحان کرانے کا فیصلہ ایک کمیٹی کی سفارش کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی عدالت عظمیٰ نے الکھ پانڈے کی درخواست کو نمٹا دیا، جس میں 1563 امیدواروں کو معاوضہ کے نمبر دینے پر سوالات اٹھائے گئے تھے۔ عدالت نے یہ بھی واضح کیا کہ امتحان میں دھوکہ دہی کی شکایات سے متعلق درخواستوں کی سماعت 8 جولائی کو ہوگی۔ تاہم، تعطیلاتی بنچ نے 5 مئی کو منعقدہ نیٹ میں بدعنوانی کی وجہ سے دوبارہ امتحان کی درخواست کرنے والی دیگر درخواستوں پر این ٹی اے کو نوٹس جاری کیا۔ واضح رہے کہ اس سے قبل این ٹی اے نے اس معاملے کی تحقیقات کیلئے ایک کمیٹی تشکیل دی تھی۔ اس کمیٹی کی میٹنگ 10، 11 اور 12 جون کو ہوا۔ کمیٹی نے تجویز دی ہے کہ گریس نمبر حاصل کرنے والے 1563 امیدواروں کے اسکور کارڈز منسوخ کر کے ان کا دوبارہ امتحان لیا جائے۔ ان طالب علموں کو ان کے اصل اسکور کے بارے میں بھی بتایا جانا چاہئے بغیر گریس مارکس کے۔ امتحان میں بے ضابطگیوں کی شکایت پر کئی ریاستوں کے ہائی کورٹ میں درخواستیں دائر کی گئی ہیں۔ ایسے میں جہاں کہیں بھی رعایتی نشانات کے حوالے سے درخواست دائر کی گئی ہے، وہاں صرف سپریم کورٹ کا حکم ہی لاگو ہوگا۔ اس ضمن میں طلبا کا الزام ہے کہ امتحان میں دھاندلی کی گئی۔ ایسی صورتحال میں کونسلنگ پر پابندی لگادی جائے اور امتحان دوبارہ کرائے جائیں۔ نیٹ-یو جی 2024 کا نتیجہ جاری ہونے کے بعد طلبا نے الزام لگایا ہے کہ اس میں بے ضابطگیاں ہوئی ہیں۔ ایسا پہلی بار ہوا ہے کہ 67 طلبا ٹاپر ہیں۔

نیٹ کے امتحان میں بدعنوانی ہوئی ہے: کھرگے

نئی دہلی، (ایجنسیاں) کانگریس کے صدر ملک ارجن کھرگے نے کہا ہے کہ میڈیکل میں داخلے کیلئے این ای ای ٹی (نیٹ) امتحان کا مسئلہ صرف گریس مارکس کا نہیں ہے بلکہ اس میں پیپر لیک اور بڑی بدعنوانی ہوئی ہے۔ مسٹر کھرگے نے کہا کہ این ای ای ٹی کے امتحان میں صرف گریس نمبروں کا مسئلہ نہیں تھا۔ دھاندلی ہوئی ہے، پرچے لیک ہوئے ہیں اور بدعنوانی ہوئی ہے۔ میڈیکل میں داخلے کیلئے این ای ای ٹی کے امتحان میں شریک ہونے والے 24 لاکھ طلبا کا مستقبل خطرے میں ہے۔ مودی حکومت کے اقدامات کی وجہ سے ان طلبا کا مستقبل داؤ پر لگا ہوا ہے۔ کانگریس کے صدر نے کہا کہ امتحانی مرکز اور کوچنگ سینٹر کے درمیان گٹھ جوڑ بن گیا ہے، جس میں 'پیسے دو، پیپر لو' کا کھیل کھیلا جا رہا ہے۔ مودی حکومت اپنی کارکردگی کی ذمہ داری نیشنل انٹری ٹیسٹ-این ٹی اے کے کندھوں پر ڈال کر اپنی جوابدہی سے بچ نہیں سکتی۔ مسٹر کھڑگے نے کہا کہ 'پورے نیٹ گھوٹالہ میں کانگریس پارٹی سپریم کورٹ کی نگرانی میں غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ کرتی ہے۔ تحقیقات کے بعد قصورواروں کو سخت سے سخت سزا دی جانی چاہئے اور لاکھوں طلبا کو معاوضہ دیا جانا چاہئے اور ان کا سال برباد ہونے سے بچایا جانا چاہئے۔ پچھلے 10 برسوں میں مودی حکومت نے پیپر لیک اور دھاندلی کی وجہ سے کروڑوں نوجوانوں کا مستقبل تباہ کر دیا ہے۔

کانگریس نے کہا ہے کہ میڈیکل داخلہ امتحان این ای ای ٹی میں دھاندلی کے بارے میں حکومت کا رویہ ڈھیلا ہے اور اسے خود کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے، اس لیے اس معاملے کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے اس کی جانچ سی بی آئی سے کرائی جائے۔ پارٹی کا کہنا ہے کہ یہ 24 لاکھ بچوں کے مستقبل سے جڑا معاملہ ہے اور اسے ہلکے میں نہیں لیا جا سکتا۔ اس دوران نیٹ 2024 کے نتائج میں دھاندلی کے بارے میں وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کہ حکومت اس معاملے میں سنجیدہ ہے اور جو بھی قصوروار پایا جائے گا اسے سخت سزا دی جائے گی۔

دہشت گردوں کو پوری قوت سے جواب دیں

جموں وکشمیر میں دہشت گردانہ حملوں پر اعلیٰ سطحی میٹنگ میں وزیراعظم مودی کی ہدایت

نئی دہلی، (ایجنسیاں) جموں وکشمیر میں پچھلے کچھ دنوں میں ایک کے بعد ایک دہشت گردانہ حملوں کے بعد خود وزیراعظم نریندر مودی نے ذمہ داری سنبھال لی ہے۔ انہوں نے سیکورٹی اداروں کے ساتھ ساتھ مختلف جماعتوں کو دہشت گردوں سے پوری صلاحیت سے نمٹنے کی واضح ہدایات دی ہیں۔ وزیراعظم مودی نے جمعرات کو جموں وکشمیر میں سیکورٹی صورتحال پر ایک جائزہ میٹنگ کی۔ اس میٹنگ میں قومی سلامتی کے مشیر (این ایس اے) اجیت ڈوبھال بھی موجود تھے۔ جائزہ میٹنگ میں وزیراعظم مودی کو جموں وکشمیر میں دہشت گردانہ حملوں کے ساتھ ساتھ اب تک کیے گئے اقدامات کے بارے میں بھی جانکاری دی گئی۔ وزیراعظم نے وزیر داخلہ امت شاہ اور مرکزی زیر انتظام علاقے کے لیفٹیننٹ گورنر (ایل جی) منوج سنہا سے بھی بات کی ہے اور جموں اور کشمیر کی سیکورٹی صورتحال کا جمعرات کو جائزہ لیا۔ اس سلسلے میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت بھی کی۔ اس میٹنگ میں دیگر سینئر افسران کے ساتھ این ایس اے اجیت ڈوبھال بھی موجود تھے۔ وزیراعظم مودی نے سیکورٹی ایجنسیوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کو دہشت گردوں کو پوری صلاحیت کے ساتھ جواب دینے کی واضح ہدایات دیں، یہ بھی کہا کہ ہمارے پاس جو بھی وسائل ہیں، وہ دہشت گردوں سے نمٹنے کیلئے استعمال کیے جائیں۔

وزیراعظم نریندر مودی نے خود اس معاملے پر وزیر داخلہ امت شاہ سے بات کی۔ انہوں نے وزیر داخلہ کے ساتھ جموں وکشمیر میں سیکورٹی فورسز کی تعیناتی اور انسداد دہشت گردی آپریشن کے بارے میں تبادلہ خیال کیا۔ اس کے ساتھ ہی وزیراعظم مودی نے جموں وکشمیر کے ایل جی منوج سے بھی بات کی ہے۔ انہوں نے منوج سنہا سے جموں وکشمیر کی موجودہ صورتحال کے بارے میں جانکاری لی۔ جموں ڈویژن میں پچھلے کچھ دنوں میں کئی دہشت گرد حملے ہوئے ہیں۔۔ اس کے بعد سے دہشت گردانہ حملوں کی اطلاعات ملنے کے بعد جموں ڈویژن میں ہائی الرٹ کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ ایس او جی ٹیمیں ڈوڈہ کے گھنے جنگلات اور اونچائی والے علاقوں میں مسلسل تلاشی مہم چلا رہی ہیں۔ واضح رہے کہ دہشت گردوں نے اتوار کی شام ضلع ریاسی کے ترایاتھ گاؤں کے نزدیک زائرین سے بھری بس پر فائرنگ کی تھی۔ شیوکھوڑی مندر سے کٹرہ جانے والی یہ بس گہری کھائی میں جا گری تھی۔ اس دہشت گردانہ حملے میں 9 افراد ہلاک ہوئے تھے۔ 41 زخمی ہوئے۔ بس میں اتر پردیش، راجستھان اور دہلی کے یاتری سوار تھے۔ کٹھوعہ ضلع کے سیدا سکھل گاؤں میں دہشت گردانہ سرگرمیوں کی اطلاع پر منگل کی رات تلاشی مہم شروع کی گئی۔ اس دوران دہشت گردوں نے فائرنگ کر دی۔ اس میں دو سینئر افسران کو نشانہ بنانے کی مذموم کوشش کی گئی۔ تاہم دونوں اہلکار بحفاظت فرار ہوگئے۔ گولیاں ان کی گاڑیوں کو لگیں۔ دہشت گردوں نے منگل کی رات دیر گئے ڈوڈا ضلع کے بھدرواہ- پٹھان کوٹ روڈ پر چوکی پر حملہ کیا تھا۔ اس میں راشٹریہ رائفلز کے 5 سپاہی اور ایک ایس پی او زخمی ہوئے۔ ان حملوں کے بارے میں حکام کا کہنا ہے کہ پاکستان جموں وکشمیر میں پرامن ماحول کو خراب کرنے کی سازش کر رہا ہے۔

❖ جی-7 سربراہ اجلاس میں شرکت کیلئے وزیراعظم مودی اٹلی روانہ

پیما کھانڈو نے تیسری بار اروناچل کے وزیراعلیٰ کے طور پر لیا حلف

ایتا نگر، (یو این آئی) بی جے پی کے سینئر لیڈر پیما کھانڈو نے جمعرات کو تیسری بار اروناچل پردیش کے وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف لیا۔ گورنر لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) کے ٹی پرنائک نے یہاں ڈی کے اسٹیٹ کنونشن سینٹر میں منعقدہ ایک تقریب میں مسٹر کھانڈو کو عہدے اور راز داری کا حلف دلایا۔ اس تقریب میں بی جے پی کے قومی صدر جے پی نڈا، مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ اور پارٹی کے قومی جنرل سکریٹری (تنظیم) بی ایل سنتوش بھی موجود تھے۔ اس کے ساتھ ہی بی جے پی لیڈران روی شنکر پرساد، ترون چگ، مرکزی وزیر کرن رجیجو، سکم کے وزیر اعلیٰ پریم سنگھ تمانگ اور اروناچل کے ممبران پارلیمنٹ تاپیر گاؤ اور نبام ریبیا بھی موجود تھے۔ مسٹر کھانڈو کے ساتھ، 11 دیگر ایم ایل اے نے بھی کابینہ کے وزراء کے طور پر حلف لیا۔ چوکھام سیٹ سے مسلسل دوسری بار منتخب ہونے والے مین نے نائب وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف لیا۔ حلف لینے والے دیگر وزرا میں ریاستی بی جے پی صدر بیورام واگے، نیاتو دوکم، گیبریل ڈان وانگ وانگسو، وانگکی لوانگ، سابق اسمبلی اسپیکر پاسنگ دورجی سونا، ماما ناتنگ، داسانگلو پل، بالو راجہ، کینٹو جینی اور اوزنگ سنگھ شامل ہیں۔ چین کی سرحد سے متصل انزو ضلع کے ہیولیانگ حلقے کی نمائندگی کرنے والی داسانگلو پل واحد خاتون وزیر ہیں۔ وہ سابق وزیر اعلیٰ کالیکھو پل کی اہلیہ ہیں۔ اس سے پہلے بدھ کو، پارٹی کے مرکزی مشاہد روی شنکر پرساد اور ترون چگ کی موجودگی میں ایک میٹنگ میں، پارٹی ایم ایل اے نے متفقہ طور پر مسٹر کھانڈو کو بی جے پی لیجسلیچر پارٹی کا لیڈر منتخب کیا۔ پھر شام کو مسٹر کھانڈو نے راج بھون میں گورنر سے ملاقات کی اور ریاست میں نئی حکومت بنانے کا دعویٰ پیش کیا۔ اس کے بعد گورنر نے انہیں اس کیلئے مدعو کیا۔ حال ہی میں منعقدہ اروناچل پردیش اسمبلی انتخابات میں بی جے پی بھاری اکثریت سے جیت کر ریاست میں مسلسل تیسری بار اقتدار میں واپس آئی ہے۔ بی جے پی نے 60 رکنی ایوان میں 46 نشستیں حاصل کی ہیں۔

اجیت ڈوبھال تیسری بار بنے قومی سلامتی کے مشیر

نئی دہلی، (ایجنسیاں) نریندر مودی حکومت کے تیسرے دور میں اجیت ڈوبھال کو تیسری بار قومی سلامتی کا مشیر بنایا گیا ہے۔ ریٹائرڈ آئی اے ایس افسر پی کے مشرا کو وزیر اعظم کا پرنسپل سکریٹری مقرر کیا گیا ہے۔ انہیں وزیر اعظم کے دفتر میں تعینات کیا گیا۔ اس کے علاوہ ان کے دور میں سنیئرٹی ٹیبل میں انہیں کابینہ وزیر کا درجہ دیا جائے گا۔ اجیت ڈوبھال اور پی کے مشرا کی میعاد وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ ہی پوری ہوگی۔ اس سلسلے میں ایک خط جاری کیا گیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ کابینہ کی تقرری کمیٹی نے اجیت ڈوبھال کو این ایس اے مقرر کیا ہے۔ یہ حکم 10 جون سے نافذ العمل ہوگا۔ اجیت ڈوبھال کی تقرری سے متعلق جاری خط میں مزید کہا گیا ہے کہ ان کی تقرری وزیراعظم مودی کے دور اقتدار کے ساتھ یا اگلے احکامات تک، جو بھی پہلے ہو، ختم ہو جائے گی۔ ان کے دور میں انہیں کابینہ وزیر کا درجہ دیا جائے گا، نیز ان کی تقرری کی شرائط وضوابط کو الگ سے نوٹیفائی کیا جائے گا۔ اگر ہم ریٹائرڈ آئی اے ایس پی کے مشرا کی بات کریں تو وہ بھی اپنے عہدے پر برقرار رہیں گے۔ انہیں 10 جون 2024 سے وزیر اعظم نریندر مودی کے پرنسپل سکریٹری کے طور پر مقرر کیا گیا ہے۔

❖ پی کے مشرا رہیں گے وزیراعظم کے پرنسپل سکریٹری

یدی یورپا کیخلاف ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

بنگلورو، (ایجنسیاں) کرناٹک کے سابق وزیر اعلیٰ بی ایس یدی یورپا مشکل میں ہیں۔ بنگلورو کی ایک عدالت نے یدی یورپا کے خلاف گرفتاری کا ناقابل ضمانت وارنٹ جاری کیا ہے۔ یہ وارنٹ یدی یورپا کے خلاف پروٹیکشن آف چلڈرن فرام سیکسوئل آفنس یعنی پوکسو معاملہ کے تحت جاری کیا گیا ہے۔ اس کی وجہ سے اب بی ایس یدی یورپا کی گرفتاری کا خطرہ ہے۔ دراصل کچھ ماہ قبل ایک 17 سالہ لڑکی کی ماں نے الزام لگایا تھا کہ اس سال 2 فروری کو یدی یورپا نے اپنی رہائش گاہ پر ایک میٹنگ کے دوران ان کی بیٹی کے ساتھ جنسی زیادتی کی تھی۔ خاتون کے بیان کی بنیاد پر، پولیس نے یدی یورپا کے خلاف پوکسو اور تعزیرات ہند کی دفعہ 354اے (جنسی ہراسانی) کے تحت مقدمہ درج کیا تھا۔ مقدمہ درج ہونے کے چند گھنٹے بعد، کرناٹک کے ڈائریکٹر جنرل آف پولیس نے فوری اثر کے ساتھ یہ معاملہ سی آئی ڈی کو سونپ دیا تھا۔ کرناٹک کے سابق وزیر اعلیٰ یدی یورپا نے اپنے اوپر لگائے گئے الزامات کو مسترد کر دیا ہے۔ یدی یورپا، جو 81 سال کے ہو چکے ہیں، نے کہا تھا کہ وہ ان الزامات کا قانونی لڑائی لڑیں گے۔ انہوں نے عدالت سے ایف آئی آر کو منسوخ کرنے کی درخواست کی۔ واضح رہے کہ یدی یورپا پر الزامات لگانے والی 54 سالہ خاتون کا گزشتہ ماہ انتقال ہوگیا۔

ہماچل نے دہلی کو پانی دینے سے کیا انکار

نئی دہلی، (ایس این بی) دہلی میں پانی کے بحران کو لے کر جمعرات (13 جون) کو سپریم کورٹ میں سماعت ہوئی۔ ہماچل پردیش نے عدالت کو بتایا کہ ہمارے پاس دہلی کو دینے کیلئے 136 کیوسک پانی نہیں ہے، جبکہ ایک دن پہلے (12 جون کو) ہماچل نے کہا تھا کہ ہماری طرف سے پانی چھوڑا گیا ہے۔ ہریانہ کی طرف سے پانی کی فراہمی ابھی باقی ہے۔ جسٹس پرشانت کمار مشرا اور جسٹس پرسنا بی ورلے کی بنچ نے کہا کہ ریاستوں کے درمیان جمنا کے پانی کی تقسیم ایک پیچیدہ اور حساس مسئلہ ہے۔ دہلی، ہریانہ اور ہماچل پردیش کے درمیان پانی کی تقسیم کے فارمولے پر فیصلہ کرنے کیلئے ہمارے پاس تکنیکی مہارت نہیں ہے، سپریم کورٹ نے دہلی کو پانی دینے کا فیصلہ اپر ریور جمنا بورڈ پر چھوڑ دیا۔ عدالت نے کہا کہ یمنا ریور بورڈ نے پہلے ہی دہلی کو انسانی بنیادوں پر پانی کی فراہمی کیلئے درخواست داخل کرنے کی ہدایت دی تھی۔

خواتین کے لیے خاص تحفہ
انیس خواتین
خواتین کی ہمدم
خواتین کے لیے اہم
خواتین کے لیے مخصوص
ہدایت: ایام حیض اور حالت حمل میں اس دوا کا استعمال نہ کریں
UIN-DL/275AU/01/2024
Mfd. by The Makers of Dehlvi Remedies® the formidable brand of دھلوی
Sana Herbals (P) Ltd
238 F.I.E. Patparganj, Delhi-92 (C. Care:95550 94254)
For Trade Enquiry Delhi
9958870007 7983452216 9359057697
Email: sanaherbals@gmail.com info@sanaherbals.com

Dehlvi
ANIS® KHAWATEEN
انیس خواتین
Dehlvi Remedies

قدرتی حُسن وجمال
نسرینا ہیر ٹانک بالوں کی جڑوں کو غذا پہنچا کر بالوں کو مضبوط کرتا ہے اور لمبا گھنا کرتا ہے۔
- بالوں کو نرم ملائم اور چمکدار بناتا ہے۔
- روسی کو دور کرتا ہے۔
- سر درد کو آرام دیتا ہے۔
21 قیمتی جڑی بوٹیوں سے تیار
نسرینا ہیر ٹانک
اسٹاکسٹ اور ایجنسی کے لیے رابطہ کریں
Unique Identification Number DL/295AU/01/2024
Distributor Delhi: M. S. BROTHERS Ph.: 9213785855
Distributor Meerut Al-Hind Unani Distributors 9837015174
Mfd by: NEW ROYAL PRODUCTS Mob: 7678343147